| دوسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: _____ | ہفتہ: 1 | تاریخ: _______ | وقت: 40منٹ |

سبق کا نام: پانی

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- جان سکیں کہ زندہ رہنے کے لیے پانی کی ضرورت ہے اور جان دار اشیا کے لیے پانی بہت اہم ہے۔
- پانی کے روزمرہ استعمال کے بارے میں جان سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب

## سبق کا تعارف: 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''پانی'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

آپ پانی کن کن کاموں کے لیے استعمال کرتے ہیں؟

طلبہ کو بتائیں کہ اس سبق میں وہ پانی کی اہمیت کے بارے میں پڑھیں گے۔

## طریقہ تدریس: 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 27 سے متن پڑھوائیں۔
- پیارے طلبہ کیا آپ نے کبھی سوچا ہے کہ اگر پانی نہ ہوتا تو جان دار کیسے زندہ ہوتے؟
- طلبہ کو بتائیں کہ پانی ہر جاندار کے لیے بہت ضروری ہے اور پانی کو استعمال میں لا کر انسان اپنی روزمرہ ضروریات کو پورا کرتا ہے۔ انھیں بتائیں کہ ہم پانی کو اپنی روزمرہ ضرورت کے لیے استعمال کرتے ہیں جیسا کہ فصلوں کو سیراب کرنے کے لیے، گھریلو کاموں کے لیے پینے کے لیے، نہانے کے لیے، کپڑے دھونے کے لیے، کھانا پکانے کے لیے، برتن، پھل، سبزیاں دھونے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔
- طلبہ سے پانی استعمال کرنے کی سرگرمیوں کی فہرست بنوائیں۔
- انھیں ہدایت دیں کہ پانی کا بے حد استعمال نہ کریں اور استعمال کے بعد نلکے کو ٹھیک سے بند کریں۔

- طلبہ کو بتائیں کہ ہمیں صاف پانی استعمال کرنا چاہیے۔ گندے پانی سے ہم بیمار ہو سکتے ہیں۔
- طلبہ کو متن کی مدد سے بتائیں زمین کا تقریباً تین چوتھائی حصہ پانی پر مشتمل ہے۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| اَن مول | اَن۔ مول | بے بہا/ جس کی کوئی قیمت نہ ہو۔ |
| ممکن | مم۔ کن | جو ہو سکے۔ ہونے کے قابل |
| چوتھائی حصّہ | چھُو۔ تھا۔اِی | چوتھا حصّہ |

**اعادہ:** **2منٹ**

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے پوچھیں:

آپ پانی کی بچت کس طرح کرتے ہیں؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

پانی کی اہمیت کے بارے میں گفت گو کریں۔

| سبقی منصوبہ بندی:2 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: دوم | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 1 | اُستاد کا نام: ____ |

سبق کا نام: پانی

## حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- جان سکیں کہ زندہ رہنے کے لیے پانی کی ضرورت ہے اور جان دار اشیا کے لیے پانی بہت اہم ہے۔
- پانی کے روزمرہ استعمال کے بارے میں جان سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز، چارٹ، اخبارات، رسائل

## سبق کا تعارف: 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''پانی'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

روزمرہ استعمال کے لیے آپ کن ذرائع سے پانی حاصل کرتے ہیں؟ طلبہ کو باری باری بولنے کا موقع دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ طلبہ کو بتائیں کہ اس سبق میں وہ پانی کے روزمرہ استعمال کے بارے میں پڑھیں گے۔

## طریقہ تدریس: 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 27 پر دی گئی پانی کے روزمرہ استعمال کی تصاویر دکھائیں اور متن پڑھوائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ پانی ہمارے لیے قدرت کا ایک تحفہ ہے۔
- طلبہ کو بتائیں ہمارے جسم کا ایک بڑا حصہ پانی پر مشتمل ہے۔
- انھیں بتائیں پانی روزمرہ زندگی میں ہمارے مختلف کاموں میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسا کہ:
  - پینے کے لیے
  - کھانے کے لیے
  - نہانے کے لیے
  - برتن دھونے کے لیے

- ♦ کپڑے دھونے کے لیے
- پانی اللہ تعالیٰ کی ایک بہت بڑی نعمت ہے۔ پانی ہمیں مختلف بیماریوں سے بچاتی ہے۔
- پانی انسانی زندگی کے لیے بہت اہم ہے۔
- طلبہ کو بتائیں پانی کا اپنا کوئی رنگ اور شکل نہیں ہوتی۔ انھیں مثال کی مدد سے بتائیں کہ اگر پانی کو آپ گلاس میں ڈالتے ہیں تو یہ اُسی طرح اپنی شکل اختیار کر لیتا ہے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| اَہمیت | اَ۔ہم۔می۔یَت | ضرورت/وقعت |
| اندازہ | اَ۔ن۔دا۔زَہ | نمونہ/مانند |
| مشتَمَل | مُش۔تَ۔مل | شامل/شریک |
| سیراب | سے۔راب | پانی سے بھرا ہوا |

**اعادہ:** 2منٹ

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** 6منٹ

مشق جزو (ا) کا سوال (i) کا جواب طلبہ سے لیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

پڑھائے گئے سبق کی دہرائی کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

گھر میں پانی کن کن کاموں میں استعمال کرتے ہیں طلبہ سے فہرست بنائیں۔

| دوسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ___ | ہفتہ: 1 | تاریخ: _______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: پانی

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- جان سکیں کہ قدرتی پانی ہمارے گھروں تک کیسے پہنچتا ہے؟
- اپنے گرد و نواح میں پانی کے اہم ذرائع کی شناخت کر سکیں اور ان کی اہمیت بیان کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''پانی'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- آپ کے گھر میں پانی کہاں سے آتا ہے؟

انھیں باری باری جواب دینے اور بولنے کا بھرپور موقع دیں۔

طلبہ کو بتائیں کہ اس سبق میں وہ پانی کے قدرتی ذرائع کے بارے میں پڑھیں گے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 28 پر دی گئی تصاویر دکھائیں اور متن پڑھوائیں۔
- طلبہ سے پوچھیں قدرتی ذرائع کا کیا مطلب ہے؟
- قدرتی ذرائع میں پانی بھی شامل ہے۔ پانی کے قدرتی ذرائع یہ ہیں۔
    - بارش
    - آبشار
    - گلیشیئر
    - دریا
    - جھیل
    - سمندر
- پانی کا سب سے اہم اور بڑا قدرتی ذریعہ بارش ہے۔ بارش کا پانی نہروں، جھیلوں، تالابوں اور دریاؤں میں شامل ہوتا ہے۔

- انھیں فلیش کارڈز کی مدد سے دریا، سمندر، جھیل اور نہر کا فرق بتائیں۔ انھیں ہیں زیر زمین موجود پانی کے بارے میں بتائیں۔ انھیں بتائیں کہ ان ذرائع سے حاصل شدہ پانی کا ہم اپنی روزمرہ زندگی میں استعمال کرتے ہیں۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| قدرتی | قُد۔ر۔تی | فطری/اصلی |
| گلیشیئرز | گلیشیئرز | برف کی چٹان |
| صورت | صُو۔رَ۔ت | شکل |
| ذخیرہ | ذَ۔خِی۔رَہ | جمع کیا ہوا |
| زیرزمین | زیر۔زمین | زمین کے نیچے |

**اعادہ:** **2منٹ**

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (ا) کا سوال (ii) کا جواب طلبہ سے پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ سے کہیں کہ اپنی روزمرہ زندگی میں سے کوئی ایک پانی کا استعمال بتائیں۔

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

| | | |
|---|---|---|
| **نام:**__________ | **مضمون: واقفیتِ عامہ** | **سبق: پانی** |

**سوال 1: اپنے علاقے میں موجود پانی کے کوئی سے دو ذرائع کے نام لکھیں۔**

| | |
|---|---|
| __________ | __________ |